© rasailojaraid.com



# اخبار الجامعہ

## (1) تقریب تقسیم انعامات:

12/اکتوبر 2007ء بروز جمعة المبارك کو جامعہ کے ذیلی شاخ مرکز تحفیظ القرآن الکریم کوٹکہ اعوان آباد سورانی میں تقسیم انعامات کے پروگرام کا انعقاد ہوا۔ جس میں جامعہ کے نائب مہتمم مولانا نور خالق شاہ صاحب اور سید نصیر علی شاہ صاحب نے بمع وفد شرکت کی۔ اہل علاقہ نے جامعہ کے خدمات کو سراہا۔ آخر میں جامعہ کی طرف سے حفظ و ناظرہ قرآن مجید پڑھنے والے بچوں میں انعامات تقسیم ہوئے۔

## (2) نئے شاخ کا افتتاحی پروگرام:

2 /نومبر 2007ء کو حضرت مولانا سید نسیم علی شاہ صاحب نے مرکز و مدرسہ مظہر العلوم مزنگہ بنوں میں جامعہ کے ایک نئی ذیلی شاخ کے منظوری کے احکامات صادر فرمائے۔ اور وہاں پر باقاعدہ ایک پروگرام کا انعقاد ہوا۔ جس میں اہل علم اور اور عوام الناس نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ حضرت، مہتمم صاحب نے جامعہ کے مختلف رفاہی کاموں پر روشنی ڈالتے ہوئے فرمایا'' کہ جامعہ کے دیگر پروگراموں کی طرح ایک پروگرام یہ بھی ہے کہ دینی تعلیم کو عام کرنے کے لئے دور دراز علاقوں میں اپنے تعلیمی مراکز بھی کھولتے ہیں'' آخر میں اہل علاقہ نے حضرت مہتمم صاحب کا شکریہ ادا کیا۔

## (3) نئے تعلیمی سال کا افتتاح:

حسب سابق امسال بھی عید الفطر کے بعد جب جامعہ نے نئے تعلیمی سال کے اغاز کے لئے اعلان کیا۔ تو طلباء کی کثیر تعداد نے معین تاریخ تک جامعہ کا انتخاب کیا۔ 4 نومبر کی صبح کو ایک خوشگوار تقریب میں درس بخاری شریف ہوا۔ اور اس طرح نئے تعلیمی سال کا آغاز ہوا۔

## (4) تعمیر مساجد:

اللہ تبارک وتعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ مساجد کی تعمیر و آباد کاری کا جو مبارک سلسلہ حضرت مولانا سید نصیب علی شاہ الہاشمیؒ نے جاری کیا تھا۔ وہ ان کے وفات کے بعد بھی جاری ہے۔ جامعہ کے نئے مہتمم حضرت مولانا سید نسیم علی شاہ صاحب بھی اس سلسلے میں عزم جوان و ہمت عالی رکھتے ہیں۔ حالانکہ کئی مساجد پر تعمیراتی کام جاری ہے اور کئی مساجد کی تعمیر پایۂ تکمیل کو پہنچی۔ جن میں ''مسجد شہباز عظمت خیل بنوں، مسجد ممش خیل بنوں، حافظ آباد پیر خیل لکی بنوں۔ طور خیل عیسکی بنوں شامل ہیں۔ جملہ مساجد میں افتتاحی تقاریب کا انعقاد ہوا جن میں استفادہ کنندہ گان نے حضرات محسنین اور جامعہ المرکز الاسلامی پاکستان بنوں کے مہتمم صاحب کا شکریہ ادا کیا اور خوشی و مسرت کا اظہار کیا۔

© rasailojaraid.com